
WORLD BANK GROUP

# ENTERPRISE SURVEYS

WHAT BUSINESSES EXPERIENCE

## پاکستان 2022
## ملکی پروفائل



ENTERPRISE SURVEYS

# مضامین


تعارف ........ 3
کاروباری اداروں کی خصوصیات ........ 4
افرادی قوت ........ 5
مستحکم کارکردگی ........ 5
بنیادی ڈھانچہ ........ 5
بین الاقوامی تجارت ........ 6
مالیات تک رسائی ........ 7
جرم اور غیر رسمی پن ........ 7
ضوابط، اجازت نامے اور ٹیکس ........ 8
بدعنوانی ........ 9
کاروباری ماحول کی رکاوٹیں ........ 9
ضمیمہ ........ 11


عالمی بینک گروپ کے انٹرپرائز اینالیسس یونٹ کے تیار کردہ ملکی پروفائل ہر معیشت میں کاروباری ماحول کے کلیدی اشاریوں کا جائزہ فراہم کرتے ہیں، متعلقہ جغرافیائی خطے اور مساوی آمدنی والے ممالک کے گروپ کا موازنہ کرتے ہیں۔ اشاریوں کی معمولی تبدیلیوں کے ساتھ تمام ممالک کے لئے ایک جیسے موضوعات کا احاطہ کیا گیا ہے جو کہ کاروباری اداروں کے جوابات پر مبنی ہیں۔ اینالیسس یونٹ کے بارے میں مزید جاننے اور دوسرے ممالک کے پروفائلز کیلئے www.enterprisesurveys.org وزٹ کریں۔


بین الاقوامی بینک برائے تعمیر نو اور ترق /عالمی بینک گروپ 2020 ©



ایچ اسٹریٹ 1818 NW
واشنگٹن ڈی سی 20433
ٹیلی فون :202-473-1000
انٹرنیٹ www.worldbank.org



یہ دستاویز عالمی بینک گروپ کے عملے نے بیرونی تعاون کے ساتھ مکمل کیا ہے۔ اس کام میں مندرج انکشافات، تشریحات، اور نتائج کا عالمی بینک گروپ، اس کے بورڈ آف ایگزیکٹو ڈائریکٹرز، یا ان حکومتوں کے خیالات کی عکاسی کرنا ضروری نہیں جن کی وہ نمائندگی کرتے ہیں۔ عالمی بینک گروپ اس دستاویز میں شامل اعداد و شمار کی درستگی کی ضمانت نہیں دیتا۔ اس دستاویز میں کسی بھی نقشے پر دکھائی گئی حدود، رنگ، فرق اور دیگر معلومات، کسی بھی علاقے کی قانونی حیثیت یا اس طرح کی حدود کی توثیق یا قبولیت سے متعلق عالمی بینک گروپ ہر قسم کے فیصلے سے مبرّا ہے۔

حقوق اور اجازت نامے ۔
اس دستاویز میں شامل مواد کے جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ چونکہ عالمی بینک گروپ علم کی ترسیل کی حوصلہ افزائی کرتا ہے، اس لیے اس دستاویز کو مکمل انتساب کے ساتھ کلی یا جزوی طور پر، غیر تجارتی مقاصد کے لیے دوبارہ پیش کیا جا سکتا ہے۔ حقوق اور لائسینس سے متعلق بشمول ذیلی حقوق کے ، ہر طرح کے استفسار کے لیۓ عالمی بینک کی درج ذیل معلومات پر رابطہ کریں۔
1818 ایچ اسٹریٹ NW، واشنگٹن ڈی۔سی۔ 20433، USA، عالمی بینک گروپ پبلیکیشنز، عالمی بینک گروپ، فیکس: 202-522-2625، انٹرنیٹ: www.worldbank.org، ای۔میل: pubrights@worldbank.org


انٹرپرائز سروے کے اعداد و شمار کے حوالہ کا طریقہ: عالمی بینک گروپ۔ www.enterprisesurveys.org


انٹرپرائز سروے ٹیم سے درج ذیل پر رابطہ کیا جا سکتا ہے
عالمی بینک گروپ
پنسلوانیا ایونیو، 2121 NW
واشنگٹن ڈی سی USA 20433
ٹیلیفون: 3800-479 (202)

**معیشت کا جائزہ**
**پاکستان 2022**

**علاقہ:** جنوبی ایشیا
**آمدنی کا گروپ :** کم درمیانی آمدنی

## تعارف

انٹرپرائز سروے کاروباری ماحول کے بہت سے پہلوؤں پر توجہ دیتے ہیں۔ یہ عوامل کاروباری اداروں کے لیے موافق یا ناسازگار ہو سکتے ہیں اور اس پہلو میں اہم کردار ادا کرتے ہیں کہ آیا معیشت کا نجی شعبہ ترقی کرے گا یا نہیں۔
ایک سازگار کاروباری ماحول وہ ہے جو کاروباری اداروں کو مؤثر طریقے سے کام کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔ اس طرح کے حالات کاروباری اداروں کے لیے اختراعات/جدت اور پیداواری صلاحیت بڑھانے کے لیے ترغیبات کو تقویت دیتے ہیں۔ پائیدار ترقی کے اہم عوامل۔ ایک زیادہ پیداواری نجی شعبہ روزگار کو بڑھاتا ہے اور ٹیکس میں حصہ شامل کرتا ہے جو کہ صحت تعلیم اور دیگر خدمات میں عوامی سرمایہ کاری کے لیے ضروری ہیں۔ اس سروے میں شامل سوالات کا مقصد مذکورہ بالا بیشتر موضوعات کا احاطہ کرنا ہے۔
ان موضوعات میں بنیادی ڈھانچہ، تجارت، مالیات، ضوابط، ٹیکس اور کاروباری لائسنسنگ، بدعنوانی، جرم اور غیر رسمی پن، مالیات تک رسائی، جدت، محنت، اور کاروبار کرنے میں حائل رکاوٹوں کے بارے میں آراء شامل ہیں۔

اس سروے کا انعقاد عالمی بینک گروپ اور اس کے شراکت دار تمام جغرافیائی خطوں میں کرتے ہیں اور اس میں چھوٹے، درمیانے اور بڑے کاروباری ادارے شامل ہیں۔ کاروبار کےحجم کا تعین ملازمین کی تعداد سے کیا جاتا ہے۔ 5-19 (چھوٹا)، 20-99 (درمیانہ) اور 100 یا زائد (بڑا)
پانچ سے کم ملازمین والے کاروبار سروے میں شامل نہیں ہیں۔
وہ کاروباری ادارے جو 100% سرکاری ملکیت میں ہیں وہ بھی سروے میں شامل نہیں ہیں۔
یہ سروے نجی معیشت میں غیر زرعی اور رسمی کاروباری اداروں کے نمائندہ نمونے [1] سے کیا گیا ہے۔
سیکٹر کی کوریج کو تمام معیشتوں میں یکساں طور پر بیان کیا جاتا ہے اور اس میں پورا مینوفیکچرنگ سیکٹر اور خدمات کے زیادہ تر شعبے جن میں خوردہ، تھوک، گاڑیوں کی مرمت، ہوٹل اور ریستوراں، نقل و حمل، ذخیرہ، مواصلات، تعمیرات، اور آئی ٹی شامل ہیں۔
عوامی سہولیات، سرکاری خدمات، صحت کی دیکھ بھال، اور مالیاتی خدمات کے شعبے نمونے میں شامل نہیں ہیں (شکل 1)
اس سروے میں انٹرویو اعلیٰ مینیجرز اور کاروباری مالکان کے ساتھ کیا جاتا ہے۔

یہ سروے کسی خاص معیشت( یا خطے) کے لیے تقریباً ہر چار سال بعد دہرایا جاتا ہے۔ پالیسی ساز اور محققین کاروباری ماحول میں تبدیلیوں کی نشاندہی کر کے کاروباری اداروں کی کارکردگی پر پالیسی اور ریگولیٹری اصلاحات کے اثرات کو دیکھ سکتے ہیں۔ متواتر کیے جانے والے سروے کاروباری ماحول کے ارتقاء کے نتیجہ میں نجی کاروباری شعبے پر ہونے والے اثرات کا مطالعہ کرنے میں مدد کرتے ہیں۔


یہ دستاویز انٹرپرائز سروے برائے پاکستان کے نتائج کا خلاصہ پیش کرتی ہے۔ مئی 2022 سے دسمبر 2022 کے درمیان 1300 کاروباری اداروں کے مالکان اور اعلیٰ مینیجرز کا انٹرویو کیا گیا۔ شکل 2 سروے کے ڈیزائن کے تین زمروں میں نمونے کی تقسیم کی تفصیل فراہم کرتی ہے: کاروباری شعبہ، کاروباری ادارہ کا حجم اور مقام۔

**شکل 1 :معیشت کے شعبے جن کا احاطہ انٹرپرائز سروے کے ذریعے کیا گیا ہے۔**


| شامل | خارج |
|---|---|
| • سیکٹرز<br>• مینوفیکچرنگ (تمام ذیلی شعبہ)<br>• تعمیرات<br>• موٹر گاڑیوں کی فروخت اور مرمت<br>• تھوک<br>• خوردہ فروش<br>• ہوٹل اور ریستوران<br>• اسٹوریج، نقل و حمل، اور مواصلات<br>• آئی-ٹی- | • سیکٹرز<br>• زراعت<br>• ماہی گیری<br>• کان کنی<br>• عوامی سہولیات<br>• مالی ثالثی-<br>• پبلک ایڈمنسٹریشن<br>• تعلیم، صحت اور سماجی کام |
| • اضافی معیار<br>• 5 یا زائد ملازمین<br>• رسمی (رجسٹرڈ) کاروباری ادارے<br>• کم از کم 1% نجی ملکیت | • اضافی معیار<br>• 5 سے کم ملازمین<br>• غیر رسمی کاروباری ادارے<br>• سرکاری کاروباری 100% ادارے |

**شکل 2 :سروے میں شامل کاروباری اداروں کی خصوصیات**

**شعبہ**




**حجم**




**مقام**





## کاروباری اداروں کی خصوصیات

یہ سروے کاروباری ماحول اور کاروباری ادارہ کی کارکردگی کے بارے میں معلومات جمع کرنے کے علاوہ نجی کاروباری اداروں کی خصوصیات کے بارے میں بھی معلومات اکٹھا کرتا ہے۔


شکل 3 پرائیویٹ سیکٹر میں کاروباری اداروں کو ان کی کاروباری عمر کے مطابق تقسیم کو ظاہر کرتی ہے، جس کی پیمائش ان کے کاروبار میں موجود سالوں کی تعداد سے ہوتی ہے۔ کاروباری ادارہ کی کارکردگی پر کاروباری ماحول کا اثر اداروں کے تجربے اور لمبی عمر پر منحصر ہو سکتا ہے۔ نیز، پرانے اور نئے کاروباری اداروں میں کامیابی کے ساتھ کاروباری ماحول کی سمت کا تعین کرنے کی صلاحیت میں فرق ہو سکتا ہے۔

**شکل 3 :کاروباری اداروں کی عمر کی تقسیم**



شکل 4 خطے اور مساوی آمدنی والی معیشتوں کے فیصد کے تناظر میں ملازمت، اعلیٰ انتظام اور کاروباری ادارہ کی ملکیت میں خواتین کی شرکت کے فیصد کو ظاہر کرتی ہے۔


**شکل 4 :ملازمت، اعلیٰ انتظام اور ملکیت میں خواتین کی شرکت**




## افرادی قوت


یہ سروے افرادی قوت کی معلومات کو اکٹھا کرتا ہے جیسے مستقل کل وقتی ملازمین کی تعداد، عارضی ملازمین کی تعداد، جنس کے لحاظ سے ملازمین، خواہ رسمی تربیت فراہم کی گئی یا نہیں، اور کاروباری ادارہ میں ، کام کرنے والے اعلیٰ مینیجر کا تجربہ۔ اس کے علاوہ انٹرپرائز سروے مینوفیکچرنگ کاروباری اداروں کے لیے، پیداواری اور غیر پیداواری کارکنوں کے مابین اور ہنر مند اور غیر ہنر مند پیداواری کارکنوں کے درمیان افرادی قوت کی تقسیم کے اعداد و شمار کو بھی جمع کرتا ہے۔ شکل 5 اور 6 افرادی قوت کی مہارتوں اور صلاحیتوں میں کاروباری اداروں کی سرمایہ کاری کو نمایاں کرتی ہے۔

**شکل 5 :رسمی تربیت فراہم کرنے والی کاروباری اداروں کا فیصد**




تربیت فراہم کرنے کے اعداد و شمار کی پیمائش ان کاروباری اداروں کے فیصد سے کی جاتی ہے جو رسمی تربیت فراہم کرتے ہیں اور تربیت حاصل کرنے کے ولولہ کا اندازہ مینوفیکچرنگ سیکٹر میں تربیت حاصل کرنے والے کارکنوں کی شرکت کے اعداد و شمار سے کیا جاتا ہے۔

**شکل 6 :تربیت فراہم کرنے والے کاروباری اداروں کے اندر، تربیت یافتہ کارکنوں کا تناسب ***





صرف مینوفیکچرنگ کاروباری اداروں کے لیۓ *

## مستحکم کارکردگی

اگر کسی معیشت کا کاروباری ماحول معاون اور مسابقتی ہے، تو وسائل اکثر زیادہ زر خیز مصارف کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں اور کاروباری ادارے اپنی پیداواری صلاحیت کو مزید بڑھانے کے لیے سرمایہ کاری کرتے ہیں۔ سالانہ فروخت اور مستقل کل وقتی ملازمین کی کل تعداد سے متعلق سوالات کے جوابات کا استعمال کرتے ہوئے، پچھلے مالی سال اور تین مالی سال پہلے، ہر کاروباری ادارہ کے لیے ترقی کے اقدامات کا حساب لگایا جا سکتا ہے۔ شکل 7 روزگار اور حقیقی فروخت میں سالانہ ترقی کی شرح کو ظاہر کرتی ہے۔ پالیسی ساز، دستیاب کارکردگی اور کاروباری ماحول کے اقدامات کو دیکھ کر، اس بات کا تعین کر سکتے ہیں کہ کاروباری ماحول کے کون سے پہلو نجی شعبے کی ترقی میں رکاوٹ بن سکتے ہیں یا اسے فعال کر رہے ہیں۔

**شکل 7 :سالانہ ملازمت اور فروخت میں اضافہ**




## بنیادی ڈھانچہ


ایک اعلیٰ ترقی یافتہ بنیادی ڈھانچہ، بشمول سڑکیں، بجلی، پانی اور ٹیلی کمیونیکیشن، معیشت کی مسابقت اور ترقی کے لیے مرکزی حیثیت رکھتا ،ہے۔ معیاری بنیادی ڈھانچہ مؤثر طریقے سے فرموں کو خام مال مصنوعات اور ٹیکنالوجی کے لیے مارکیٹوں سے جوڑتا ہے۔ یہ پیداواری

لاگت کو کم کرتا ہے اور ملکی اور بین الاقوامی منڈیوں میں اداروں کی مسابقت کو بڑھاتا ہے۔

انٹرپرائز سروے بجلی، پانی کی فراہمی اور ٹیلی کمیونیکیشن کے لیے ایک مضبوط انفراسٹرکچر فراہم کرنے کے دوہرے چیلنج کے ساتھ ان اداروں کی ترقی کے بارے میں معلومات کا احاطہ بھی کرتا ہے جو ان عوامی خدمات کو مؤثر طریقے سے فراہم کرتے اور برقرار رکھتے ہیں۔


پرائیویٹ سیکٹر کے آپریشن میں کارکردگی کے لیے بجلی کی باقاعدہ فراہمی کی ضرورت ہوتی ہے۔ شکل 8 اس حد کو ظاہر کرتی ہے کہ اداروں کو بجلی کی فراہمی میں کس حد تک تعطّل کا سامنا کرنا پڑتا ہے جیسے بجلی کی بندش کا سامنا کرنے والے کاروباری اداروں کے فیصد اور بجلی کی بندش کی تعداد سے ماپا جاتا ہے۔ بجلی کی ناقافی فراہمی لاگت کو بڑھا سکتی ہے، پیداوار میں خلل ڈال سکتی ہے اور منافع کو کم کر سکتی ہے۔

**شکل 8 :بجلی کی فراہمی اور متعلقہ نقصانات کا اعتبار**




شکل 9 بنیادی ڈھانچے کی خدمات کی کارکردگی کا اندازہ بجلی کے کنکشن کے حصول میں لگنے والوں دنوں کی تعداد سے لگایا جا سکتا ہے۔ سروس میں تاخیر کاروباری اداروں پر اضافی اخراجات عائد کرتی ہے اور نئی سرمایہ کاری میں رکاوٹوں کے طور پر کام کر سکتی ہے۔


**شکل 9 :بجلی کا کنکشن حاصل کرنے کے لئے لگنے والے دن**




مینوفیکچرنگ سیکٹر میں بہت سی صنعتوں کے لیے پانی بھی پیداواری عمل میں ایک اہم کردار ادا کرتا ہے۔

شکل 10 مینوفیکچرنگ سیکٹر میں کاروباری اداروں کے ایک عام مہینے میں پانی کی کمی کا سامنا کرنے کی اوسط تعداد کو پیش کرتی ہے۔ پانی کی فراہمی میں رکاوٹیں کاروباری اداروں کے کاموں پر سنگین نقصان دہ اثرات مرتب کر سکتی ہیں۔

**شکل 10 :پانی کی فراہمی کی قابل اعتمادی***





* صرف مینوفیکچرنگ کاروباری اداروں کے لیے

## بین الاقوامی تجارت

بین الاقوامی تجارت میں شرکت کاروباری اداروں کو وسعت دینے، کارکردگی کے معیار کو بلند کرنے، کم قیمت پر مواد درآمد کرنے اور جدید ترین اور بہتر ٹیکنالوجی حاصل کرنے کی اجازت دیتی ہے۔ تاہم، تجارت کے لیے یہ بھی ضروری ہوتا ہے کہ کاروباری ادارے کسٹم اور تجارتی ضوابط سے کیسے نمٹتے ہیں چونکہ اکثر کاروباری اداروں کو بھی برآمد اور درآمدی لائسنس حاصل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

انٹرپرائز سروے کاروباری اداروں کی تجارتی سرگرمیوں کی پیمائش کرتا ہے اور برآمد اور درآمد کے دوران درپیش آپریشنل رکاوٹوں کے بارے میں معلومات اکٹھا کرتا ہے۔
شکل 11 نجی شعبے میں غیر ملکی تجارت کے تناسب کا پیمانہ فراہم کرتی ہے، جو ان کاروباری اداروں کے فیصد سے حاصل ہوتا ہے جو اپنی کل سالانہ فروخت کا کم از کم 10 %براہ راست برآمد کرتے ہیں۔ شکل 11 مینوفیکچرنگ کاروباری اداروں کی فیصد بھی دکھاتی ہے جو غیر ملکی خام مال یا سپلائیز استعمال کرتی ہیں۔


**شکل 11 :برآمد اور درآمد کرنے والے کاروباری اداروں کا فیصد**




* صرف مینوفیکچرنگ کاروباری اداروں کے لیے

کسٹم کے مؤثر طریقہ کار کاروبار کو براہ راست سامان برآمد اور درآمد کرنے کے قابل بناتے ہیں۔ شکل 12 برآمدات اور درآمدات کے لیے کسٹم کلیئر کرنے کے دنوں کی اوسط تعداد دکھاتی ہے۔ برآمدات اور درآمدات کے لیے کسٹم کلیئر کرنے میں تاخیر کاروباری ادارہ کے لیے اضافی اخراجات پیدا کرتی ہے، پیداوار میں خلل ڈال سکتی ہے، فروخت میں مداخلت کر سکتی ہے اور اس کے نتیجے میں سامان کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔

**شکل 12 :کسٹم کے ذریعے برآمدات اور درآمدات کو کلیئر کرنے کے اوسط دن**





## مالیات تک رسائی

ترقی یافتہ مالیاتی منڈیاں ادائیگی کی خدمات فراہم کرتی ہیں، ڈپازٹس کو متحرک کرتی ہیں، اور فکسڈ اثاثوں کی خریداری کے لیے فنڈنگ کی سہولت فراہم کرتی ہیں - جیسے کہ عمارتیں، زمین، مشینری اور آلات - نیز ورکنگ کیپیٹل۔
موثر مالیاتی منڈیاں داخلی فنڈز یا غیر رسمی ذرائع جیسے کہ خاندان اور دوستوں پر انحصار کو کم کرتی ہیں اور کاروباری اداروں کو ملا کر بیشتر قرض دہندگان اور سرمایہ کاروں کے لیے قابل اعتبار ہیں۔


انٹرپرائز سروے کاروباری اداروں کی مالی اعانت کے ذرائع اور ان کے مالی لین دین کی خصوصیات پر اشارے فراہم کرتا ہے۔
شکل 13 میں مقررہ اثاثوں (سرمایہ کاری) کی خریداری کے لیے مالی اعانت کے لیے استعمال ہونے والے مختلف ذرائع کا موازنہ کیا گیا ہے۔
سرمایہ کاری کی خریداریوں کی مالی اعانت داخلی ذرائع، بینکوں، ان پٹ فراہم کنندہ کریڈٹ، یا دیگر ذرائع بشمول غیر بینک مالیاتی اداروں یا ذاتی نیٹ ورکس سے کی جا سکتی ہے۔ اندرونی فنڈز پر ضرورت سے زیادہ انحصار ممکنہ طور پر غیر موثر مالی ثالثی کی نشاندہی کر سکتا ہے۔

شکل 14 نجی کاروباری اداروں کے ذریعہ مالیاتی خدمات کے استعمال کے دو اشارے دکھاتا ہے :چیکنگ یا بچت اکاؤنٹ والے کاروباری اداروں کا فیصد اور بینک قرض کے ساتھ کاروباری اداروں کا فیصد۔ سابقہ اشارے ڈپازٹ موبلائزیشن سروسز کے استعمال کی پیمائش کرتا ہے جو کاروباری اداروں کو ان کی لیکویڈیٹی اور ادائیگیوں کا انتظام کرنے میں مدد کرتا ہے۔ دوسرا اشارہ کریڈٹ کی طرف مالیاتی خدمات کے استعمال کی پیمائش کرتا ہے۔ کریڈٹ کی دستیابی ان منصوبوں کو فنڈنگ کی اجازت دیتی ہے جو بصورت دیگر ہر کاروباری ادارہ کے محدود مالیاتی وسائل کی وجہ سے کاربند نہیں ہوں گے۔

**شکل 13 :فکسڈ اثاثوں کی خریداری کے لیے فنانسنگ کے ذرائع**




**شکل 14 :مالیاتی خدمات کا استعمال**





## جرم اور غیر رسمی پن

کاروباری ادارے چوری، ڈکیتی، توڑ پھوڑ، یا آتش زنی کا ہدف بن سکتے ہیں۔ اپنے آپ کو جرائم سے بچانے پر لاگت آتی ہے جس کی وجہ سے کاروباری ادارے سیکورٹی کے اخراجات پورے کرنے کے لیے وسائل کو پیداواری استعمال سے ہٹانے پر مجبور ہوتے ہیں۔ مزید برآں، غیر ملکی اور ملکی سرمایہ کار جرم کو سماجی عدم استحکام کے اشارے کے طور پر سمجھتے ہیں اور جرم کاروبار کرنے کی لاگت کو بڑھاتا ہے۔

شکل 15 سیکیورٹی کے لیے ادائیگی کرنے والے کاروباری اداروں کی فروخت کے فیصد کے طور پر اوسط سیکیورٹی لاگت کے ساتھ ساتھ نقصانات کا سامنا کرنے والے کاروباری اداروں کے درمیان چوری اور توڑ پھوڑ سے ہونے والے اوسط نقصانات کو ظاہر کرتی ہے۔ یہ وسائل جرم سے بچاؤ کی اس قیمت کی نمائندگی کرتے ہیں جن کی پیداواری سرگرمیوں میں سرمایہ کاری کی جا سکتی تھی۔


**شکل 15: کاروباری اداروں کی جرم سے بچاؤ کی قیمت**




جب کاروباری اداروں کو باضابطہ طور پر رجسٹر کیا جاتا ہے، تو ان کو قواعد و ضوابط کی پابندی کرنے کی ضرورت ہوتی ہے، جو عام طور پر حکومتوں کے ذریعہ مرتب کئیے جاتے ہیں۔ ٹیکس کی ادائیگی عام طور پر باضابطہ نجی شعبے کا حصہ بننے کا سب سے واضح نتیجہ ہے۔ کچھ کاروباری ادارے اپنے آپ کو رجسٹر نہ کرکے اور اس طرح غیر رسمی شعبے میں رہ کر ان نتائج سے بچنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ایک بڑا غیر رسمی شعبہ مسابقتی باضابطہ کاروباری اداروں کے لیے ایک چیلنج کی نمائندگی کر سکتا ہے کیونکہ غیر رسمی کاروباری ادارے ایسے طریقوں سے کاروبار کرنے کے قابل ہوتے ہیں جو ان رسمی کاروباری اداروں پر غیر منصفانہ فائدہ دے سکتے ہیں جنہیں مروجہ قواعد و ضوابط کی تعمیل کرنا ضروری ہے۔

شکل 16 نجی شعبے میں غیر رسمی واقعات کے دو اقدامات فراہم کرتا ہے۔ پہلا اشارہ ان کاروباری اداروں کا فیصد ہے جو اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ انہیں غیر رجسٹرڈ یا غیر رسمی کاروباری اداروں سے مقابلے کا سامنا ہے۔ دوسرا اشارہ فی الحال رجسٹرڈ کاروباری اداروں کا فیصد ہے جنہوں نے باقاعدہ طور پر رجسٹر ہو کر کام شروع کیا۔

**شکل 16 :کاروباری ادارہ اور غیر رسمی**





## ضوابط، اجازت نامے اور ٹیکس

ریگولیشنز، بزنس لائسنسنگ اور ٹیکسیشن جیسے شعبوں میں اچھی معاشی گورننس سازگار کاروباری ماحول کا بنیادی ستون ہے۔ رجسٹرڈ کاروباری ادارے ٹیکس ادا کرتے ہیں اور سمجھا جاتا ہے کہ وہ ضوابط کی تعمیل کریں گے۔

عام طور پر کاروبار کو چلانے، نیا ڈھانچہ بنانے اور دیگر سرگرمیوں کے ساتھ براہ راست درآمد کرنے کے لیے اجازت نامے اور لائسنس درکار ہوتے ہیں۔ مثالی طور پر، یہ قواعد و ضوابط اور اجازت نامے شفاف رہتے ہوئے اور نجی شعبے پر بھاری بوجھ نہیں ڈالتے ہوئے عام لوگوں کے مفاد کا تحفظ کرتے ہیں۔


انٹرپرائز سروے قواعد و ضوابط کے قابل شمار اقدامات فراہم کرتا ہے جیسے کاروباری لائسنسنگ اور ٹیکس لگانا۔
شکل 17 ضابطوں کے ذریعے عائد کردہ "ٹائم ٹیکس "کی وضاحت کرتی ہے، جو کہ ریگولیٹری تعمیل سے نمٹنے کے لیے سینئر انتظامیہ کی طرف سے صرف کیے گئے وقت کا فیصد ہے۔ شکل 17 ان کاروباری اداروں کا فیصد بھی پیش کرتی ہے جن کا دورہ کیا گیا تھا یا انہیں ٹیکس حکام سے ملنے کی ضرورت تھی۔

**شکل 17 :ٹائم ٹیکس اور ٹیکس حکام کے ساتھ ملاقاتیں۔**




شکل 18 کاروباری لائسنسنگ اوراجازت نامہ کی خدمات کی کارکردگی پر توجہ مرکوز کرتی ہے۔
اشارے درآمدی لائسنس، تعمیراتی اجازت نامہ، اور آپریٹنگ لائسنس حاصل کرنے کے لیے درکار وقت کی پیمائش کرتے ہیں۔ لائسنس حاصل کرنے میں تاخیر کاروباری افراد کے لیے مہنگی ہو سکتی ہے کیونکہ وہ انتہائی ضروری کاروباری لین دین میں غیر یقینی صورتحال اور اضافی اخراجات کا اضافہ کرتی ہے۔

**شکل 18 :اجازت نامے حاصل کرنے کے دنوں کی تعداد**




قواعد و ضوابط کی تعمیل کاروبار کے لیے مہنگی ہے۔
ضرورت سے زیادہ یا غیر موثر ضابطے نجی شعبے کی سرگرمیوں اور براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کی حوصلہ شکنی کر سکتے ہیں۔

## بدعنوانی


سرکاری اہلکاروں کی بدعنوانی کاروباری اداروں پر ایک بڑا انتظامی اور مالی بوجھ ہو سکتی ہے۔ بدعنوانی آپریشنل کارکردگی کو نقصان پہنچا کر اور نجی کاروباری ادارہ کو چلانے سے وابستہ اخراجات اور خطرات کو بڑھا کر کاروبار کا ناموافق ماحول پیدا کرتی ہے۔

غیر مؤثر ضوابط کاروباری اداروں کے کاموں کو روکتے ہیں کیونکہ وہ رشوت طلب کرنے کے مواقع پیش کرتے ہیں، جہاں کاروباری اداروں کو کام کرنے کے لیے سرکاری اہلکاروں کو "غیر سرکاری "ادائیگی کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ بہت سی معیشتوں میں رشوت عام اور کافی زیادہ ہوتی ہے اور وہ مطلوبہ اجازت نامے اور لائسنس کے حصول میں نوکر شاہی کے اخراجات میں اضافہ کرتی ہے۔ وہ کاروباری اداروں کی ترقی اور نمو کے لیے ایک سنگین رکاوٹ بن سکتے ہیں۔


شکل 19 بدعنوانی کا ایک جامع اشاریہ فراہم کرتی ہے، رشوت ستانی کے واقعات، جو کہ چھ مختلف لین دین میں کم از کم ایک رشوت کی ادائیگی کی درخواست کا سامنا کرنے والی کاروباری اداروں کے فیصد کو ظاہر کرتا ہے جس میں ٹیکس کی ادائیگی، اجازت نامے یا لائسنس کا حصول، اور یوٹیلیٹی کنکشن حاصل کرنا شامل ہے۔

انٹرپرائز سروے انفرادی لین دین کا احاطہ کرتا ہے جہاں رشوت طلب کی جا سکتی ہے۔
شکل 20 اس حد کو ظاہر کرتی ہے کہ منتخب عوامی خدمات حاصل کرنے کے لیے کاروباری اداروں سے کس حد تک رشوت دینے کی درخواست کی جاتی ہے۔ کاروباری افراد سے رشوت دینے کے لیے کہا جا سکتا ہے جب وہ تعمیراتی اجازت نامے کی درخواست کرتے ہیں، سرکاری معاہدہ حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہوئے، یا ٹیکس حکام سے ملاقاتوں کے دوران۔ یہ تینوں قسم کے لین دین عام ہیں جہاں رشوت کے مواقع پائے جاتے ہیں۔

**شکل 19 :رشوت ستانی کے واقعات**
**( کم از کم ایک رشوت کی ادائیگی کی درخواست کا سامنا کرنے والے کاروباری اداروں کا فیصد)**




**شکل 20 :ان کاروباری اداروں کی فیصد جن سے تحائف یا غیر رسمی ادائیگیوں کی درخواست کی گئی یا توقع کی گئی۔**




## کاروباری ماحول کی رکاوٹیں


انٹرپرائز سروے میں زیادہ تر اشاریے سروے کے سوالات سے اخذ کیے گئے ہیں جو اداروں سے کاروباری ماحول سے نمٹنے کے لیے ان کے حقیقی تجربات کے بارے میں پوچھتے ہیں۔

مثال کے طور پر، "اجازت نامہ حاصل کرنے میں کتنے دن لگے؟ "یا "بجلی کی بندش کتنے گھنٹے تک رہی؟"۔ سروے میں شامل کچھ سوالات کاروباری مالکان یا اعلی مینیجرز سے کاروباری ماحول کے مختلف عناصر کی اہمیت کے بارے میں ان کی رائے حاصل کرتے ہیں۔


شکل 21 ان کاروباری اداروں کی فیصد دکھاتی ہے جو کاروباری ماحول کی ایک مخصوص رکاوٹ کو سب سے اہم مانتی ہیں۔ جواب دہندہ سے کاروباری ماحول کی 15 رکاوٹوں کی فہرست میں سے اپنے کاروبار میں سب سے بڑی رکاوٹ کا انتخاب کرنے کو کہا گیا۔ یہ اعداد و شمار علاقائی اوسط کے مقابلے میں سب سے اوپر کی 10 درجہ بندی کی رکاوٹوں کو پیش کرتے ہیں۔

شکل 22 چھوٹے، درمیانے اور بڑے کاروباری اداروں کے لیے سب سے بڑی 3 رکاوٹوں کو دکھاتی ہے۔ بہت سی معیشتوں میں، بڑے کاروباری اداروں کے مینیجرز کے تصورات درمیانے اور چھوٹے کاروباری اداروں کے مینیجرز کے تصورات سے بہت مختلف ہوتے ہیں۔ اس کا تعلق کاروباری ماحول کی رکاوٹوں کی سمت کا تعین کرنے کی صلاحیت سے ہے :بڑے کاروباری اداروں کے پاس رکاوٹوں کا سامنا کرنے کے لیے مزید متبادل ہو سکتے ہیں لیکن ساتھ ہی ساتھ انہیں کاروباری ماحول کی زیادہ ناکامیوں کابھی سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

**شکل 21 :کاروباری ماحول کی سب سے زیادہ پابندیوں کی دس بڑی وجوہات (کاروباری اداروں کی فیصد)**




**شکل 22: حجم کے لحاظ سے کاروباری ماحول کی تین بڑی پابندیاں**



## ضمیمہ

مندرجہ ذیل جدولوں میں ملک کے پروفائل میں استعمال ہونے والے تمام متغیرات اشاریوں کی قدریں شامل ہیں۔

| | پاکستان 2022 | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | تمام کاروباری ادارے | چھوٹے کاروباری ادارے | درمیانے کاروباری ادارے | بڑے کاروباری ادارے | جنوبی ایشیا | کم درمیانی آمدنی |
| **کاروباری ادارے کی خصوصیات** | | | | | | |
| ادارہ کی عمر (سال) | 26.0 | 24.7 | 25.3 | 34.2 | 17.6 | 17.5 |
| کم از کم 10٪ بیرون ملک کی ملکیت والے اداروں کا فیصد | 0.7 | 0.2 | 1.2 | 1.5 | 1.1 | 12.0 |
| کم از کم 10٪ حکومت / ریاست کی ملکیت والے اداروں کی فیصد ٪ | 0.0 | 0.0 | 0.0 | 0.0 | 0.5 | 1.0 |
| **جنس** | | | | | | |
| ملکیت میں خواتین کی شراکت والے کاروباری اداروں کی فیصد ٪ | 4.9 | 4.9 | 2.7 | 12.1 | 13.8 | 32.1 |
| اعلی مینیجر خاتون کے ساتھ کاروباری اداروں کی فیصد ٪ | 3.4 | 2.7 | 1.4 | 12.7 | 10.3 | 19.4 |
| مستقل کل وقتی کارکنوں کا تناسب جو خواتین ہیں – فیصد ٪ | 3.3 | 1.9 | 3.9 | 8.7 | 16.7 | 30.7 |
| مستقل کل وقتی غیر پیداواری کارکنوں کی فیصد ٪ جو خواتین ہیں* | 5.3 | 2.0 | 4.8 | 13.7 | 19.8 | 32.1 |
| مستقل کل وقتی پیداواری کارکنوں کی فیصد جو خواتین ہیں * | 3.7 | 2.2 | 4.1 | 7.6 | 20.2 | 26.7 |
| **افرادی قوت** | | | | | | |
| باضابطہ تربیت فراہم کرنے والے کاروباری اداروں کی فیصد ٪ | 5.9 | 3.5 | 3.9 | 23.4 | 18.3 | 30.1 |
| کارکنوں کی رسمی تربیت کا تناسب ٪ * | 37.2 | n.a. | 36.2 | 37.6 | 46.8 | 51.9 |
| کاروباری ادارہ کے شعبے میں کام کرنے والے اعلی مینیجر کے سالوں کا تجربہ | 17.6 | 17.6 | 17.6 | 18.0 | 16.4 | 17.0 |
| کارکنوں کی تعداد | 39.8 | 9.7 | 40.3 | 185.6 | 33.7 | 36.0 |
| دائمی کارکنوں کا تناسب (تمام کارکنوں میں سے) | 94.0 | 97.5 | 88.9 | 93.1 | 93.8 | 94.1 |
| عارضی کارکنوں کا تناسب (تمام کارکنوں میں سے) | 6.0 | 2.5 | 11.1 | 6.9 | 6.2 | 5.9 |
| پیداواری کارکنوں کا تناسب (تمام دائمی کارکنوں میں)* | 76.9 | 83.1 | 69.1 | 79.4 | 73.2 | 72.3 |
| ہنر مند کارکنوں کا تناسب (تمام پیداواری کارکنوں میں سے)* | 81.1 | 91.6 | 72.5 | 72.3 | 76.5 | 76.6 |
| **کارکردگی** | | | | | | |
| حقیقی سالانہ فروخت میں اضافہ (%) | -5.5 | -6.2 | -5.5 | -1.8 | 0.8 | -0.5 |
| روزگار میں سالانہ اضافہ (%) | 2.5 | 1.5 | 4.0 | 2.7 | 5.0 | 4.9 |
| **جدت اور ٹیکنالوجی** | | | | | | |
| تحقیق اور ترقی پر خرچ کرنے والے کاروباری اداروں کی فیصد | 1.9 | n.a. | 2.5 | 1.7 | 12.5 | 16.5 |
| ان کاروباری اداروں کی فیصد جنہوں نے نئی پروڈکٹ/سروس متعارف کرائی | 3.3 | 1.9 | 5.0 | 4.7 | 24.9 | 31.3 |
| ان کاروباری اداروں کی فیصد جن کی نئی مصنوعات/سروس بھی مرکزی مارکیٹ کے لیے نئی ہیں | 0.0 | 0.0 | 0.0 | 0.0 | 43.0 | 64.7 |
| ان کاروباری اداروں کی فیصد جنہوں نے پراسیس میں جدت متعارف کروائی | 1.5 | 0.5 | 2.8 | 1.8 | 32.4 | 27.2 |
| **بنیادی ڈھانچہ** | | | | | | |
| ایک عام مہینے میں بجلی کی بندش کی تعداد | 22.0 | 30.8 | 14.1 | 4.9 | 11.7 | 6.5 |
| بجلی کی بندش کا سامنا کرنے والے کاروباری اداروں کی فیصد | 50.7 | 54.3 | 53.5 | 24.9 | 53.2 | 58.9 |
| بجلی کا کنکشن حاصل کرنے کے لئے درخواست پر لگنے والے دن | 20.0 | 20.8 | 16.9 | 30.0 | 47.6 | 38.4 |
| پانی کی کمی کا سامنا کرنے والے کاروباری اداروں کی فیصد* | 2.3 | 1.2 | 3.2 | 2.9 | 8.7 | 15.6 |
| ایک عام مہینے میں پانی کی کمی کی تعداد* | 0.4 | 0.3 | 0.5 | 0.1 | 0.8 | 1.0 |
| **تجارت** | | | | | | |
| براہ راست برآمدات کو کسٹمز کے ذریعے کلئیر کرنے کے لئے لگنے والے دن | 18.6 | n.a. | 25.0 | 10.2 | 12.0 | 8.7 |
| براہ راست برآمد کرنے والے کاروباری اداروں کی فیصد (کم از کم فروخت کا 10%) | 8.3 | 1.6 | 10.8 | 31.8 | 5.7 | 9.3 |
| براہ راست یا بالواسطہ برآمد کرنے والے کاروباری اداروں کی فیصد (کم از کم فروخت کا %10) | 13.6 | 4.1 | 19.2 | 40.5 | 10.2 | 14.0 |
| کسٹم سے درآمدات کو کلئیر کرنے کے لئیے لگنے والے دن * | 16.5 | n.a. | 19.1 | 15.4 | 14.1 | 14.1 |
| غیر ملکی مادی خام مال اور/یا سپلائیز استعمال کرنے والے کاروباری اداروں کی فیصد* | 18.1 | 6.1 | 26.4 | 31.2 | 35.0 | 55.1 |
| **مالیات** | | | | | | |
| چیکنگ یا بچت اکاؤنٹ والے کاروباری اداروں کی فیصد | 92.4 | 91.2 | 92.9 | 96.1 | 82.1 | 83.9 |
| بینک قرض/ کریڈٹ کی لائن والے کاروباری اداروں کی فیصد | 2.1 | 1.0 | 2.5 | 6.2 | 23.7 | 25.7 |
| اندرونی طور پر مالی اعانت کی گئی سرمایہ کاری کا تناسب (%) | 67.3 | 57.3 | 83.7 | 68.2 | 72.2 | 72.6 |
| بینکوں کی طرف سے مالی اعانت کی گئی سرمایہ کاری کا تناسب (%) | 1.4 | 0.0 | 1.0 | 6.6 | 11.8 | 12.6 |
| سپلائر کریڈٹ کے ذریعہ مالی اعانت کی گئی سرمایہ کاری کا تناسب (%) | 2.1 | 0.0 | 0.6 | 11.1 | 2.0 | 3.2 |
| ورکنگ کیپیٹل کی مالی اعانت کے لیے سپلائر/کسٹمر کریڈٹ استعمال کرنے والے کاروباری اداروں کی فیصد | 18.9 | 14.6 | 23.6 | 24.0 | 14.1 | 21.2 |
| سرمایہ کاری کے حصص کا تناسب جو ایکویٹی یا اسٹاک فروخت سے فائنانس کیا گیا ہے (%) | 25.9 | 38.8 | 14.7 | 7.4 | 10.0 | 6.2 |
| **جرم** | | | | | | |
| اگر ادارہ سیکیورٹی کے لیے ادائیگی کرتا ہے، تو اوسط سیکیورٹی اخراجات (سالانہ فروخت کا٪) | 5.5 | 7.4 | 3.5 | 3.2 | 3.8 | 4.2 |

| کم درمیانی آمدنی | جنوبی ایشیا | پاکستان 2022 | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | بڑے کاروباری ادارے | درمیانے کاروباری ادارے | چھوٹے کاروباری ادارے | تمام کاروباری ادارے | |
| 5.8 | 10.4 | n.a. | 5.5 | 7.9 | 6.4 | اگر چوری اور توڑ پھوڑ کی وجہ سے نقصانات تھے تو اوسط نقصان (سالانہ فروخت کا٪) |
| | | | | | | **غیر رسمی پن** |
| 53.6 | 36.4 | 32.2 | 47.9 | 45.1 | 44.6 | کاروباری ادارے جو غیر رجسٹرڈ یا غیر رسمی اداروں کے خلاف مقابلہ کرتے ہیں - فیصد |
| 86.3 | 79.2 | 60.8 | 57.2 | 58.6 | 58.4 | کاروباری ادارے جو ملک میں آپریشن شروع کرنے کے وقت رجسٹرڈ ہیں - فیصد |
| | | | | | | **ضوابط اور ٹیکس** |
| 8.1 | 11.0 | 0.6 | 0.2 | 0.2 | 0.2 | حکومتی ضابطے کی ضروریات سے نمٹنے کے لیے اعلیٰ انتظامیہ کا وقت (%) |
| 59.5 | 55.2 | 32.8 | 39.4 | 33.8 | 35.6 | کاروباری اداروں کی فیصد جنہیں ٹیکس افسران نے وزٹ کیا یا جنہیں ٹیکس افسران سے ملاقات کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی۔ |
| 17.0 | 19.5 | 10.9 | n.a. | n.a. | 16.9 | درآمدی لائسنس حاصل کرنے کے لئیے لگنے والے دن |
| 45.4 | 50.8 | n.a. | n.a. | 34.9 | 26.8 | تعمیرات سے متعلق اجازت نامہ حاصل کرنے کے لئے لگنے والے دن |
| 22.0 | 13.6 | 6.5 | 5.4 | 4.0 | 4.5 | آپریٹنگ لائسنس حاصل کرنے کے لئے لگنے والے دن |
| | | | | | | **بدعنوانی** |
| 19.5 | 21.4 | 31.4 | 23.1 | 8.3 | 15.9 | رشوت کے واقعات (کم از کم ایک رشوت کی درخواست کا سامنا کرنے والے اداروں کی فیصد) |
| 27.8 | 36.7 | 90.8 | n.a. | 70.5 | 59.1 | کاروباری اداروں کی فیصد جن سے توقع ہے کہ وہ تعمیراتی اجازت نامہ حاصل کرنے کے لیے تحائف دیں گے۔ |
| 28.3 | 35.1 | 26.9 | 11.1 | n.a. | 11.2 | کاروباری اداروں کی فیصد جن سے توقع ہے کہ وہ سرکاری معاہدہ کو محفوظ بنانے کے لیے تحائف دیں گے۔ |
| 15.1 | 17.9 | 27.6 | 18.9 | 3.2 | 11.9 | کاروباری اداروں کی فیصد جن سے توقع ہے کہ وہ ٹیکس حکام کے ساتھ ملاقاتوں میں تحائف دیں گے۔ |
| | | | | | | **سب سے بڑی رکاوٹ** |
| 17.9 | 16.4 | 7.5 | 17.5 | 14.6 | 14.8 | مالیات تک رسائی |
| 3.7 | 6.1 | 11.2 | 10.6 | 4.4 | 7.4 | زمین کی رسائی |
| 2.5 | 2.7 | 4.8 | 2.8 | 3.5 | 3.4 | کاروباری لائسنس اور اجازت نامہ |
| 8.5 | 8.4 | 15.9 | 12.2 | 9.2 | 11.1 | بدعنوانی |
| 0.7 | 0.3 | 0.3 | 1.0 | 0.2 | 0.5 | عدالتیں |
| 2.6 | 1.9 | 0.7 | 1.2 | 1.0 | 1.0 | جرم، چوری اور بدنظمی |
| 4.0 | 4.3 | 4.5 | 8.8 | 4.5 | 6.0 | کسٹمز اور تجارتی ضوابط |
| 9.8 | 12.2 | 4.8 | 5.4 | 9.9 | 7.7 | بجلی |
| 4.4 | 3.4 | 0.2 | 2.7 | 1.2 | 1.6 | ناکافی طور پر تعلیم یافتہ افرادی قوت |
| 2.3 | 4.7 | 0.8 | 5.2 | 0.1 | 2.0 | مزدوروں کے ضوابط |
| 13.2 | 17.9 | 15.3 | 13.3 | 38.9 | 27.1 | سیاسی عدم استحکام |
| 12.6 | 6.3 | 2.7 | 5.6 | 1.5 | 3.1 | غیر رسمی شعبے کے طرز عمل |
| 3.8 | 1.4 | 0.0 | 0.9 | 0.0 | 0.3 | ٹیکس انتظامیہ |
| 10.7 | 9.2 | 28.6 | 11.5 | 8.9 | 12.1 | ٹیکس کی شرح |
| 3.3 | 4.6 | 2.6 | 1.4 | 2.3 | 2.0 | نقل و حمل |
| | | | | | | یہ اشارے صرف مینوفیکچرنگ سیکٹر کے لیے شمار کیے جاتے ہیں* |

1. ہر معیشت کے نمونے کو صنعت، ادارہ کےحجم اور جغرافیائی علاقوں کے مطابق ٹکڑوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ صنعت کی ترتیب کی تفصیل صرف معیشت کی حجم پر منحصر ہوتی ہے۔ حجم کے ذریعے ترتیب تین سطح پر پیش کی جاتی ہے۔ چھوٹے، درمیانہ اور بڑے۔ علاقائی ترتیب میں ہر معیشت کے اہم اقتصادی علاقوں کو شامل کیا جاتا ہے۔ اس طریق کے ذریعے مختلف ترتیب کے اخذ کردہ تخمینات الگ الگ بنائے جا سکتے ہیں جبکہ وقت کے ساتھ ساتھ غیر زراعتی نجی معیشت کے لئے استدلال کیا جا سکتا ہے .نمونہ لینے کے طریق پر مزید تفصیلات کے لئے www.enterprisesurveys.org پر دستیاب نمونہ نوٹ کا جائزہ لیں۔